| 129 | پڑنا: | | | | |
| | (الف) اس نے کتاب پڑھی | (ب) سڑک پر لاش پڑی ہے | (ج) بچہ چھت سے گر پڑا | (د) مجھے اس سے ضروری کام پڑ گیا ہے | |
| 130 | رکھنا: | | | | |
| | (الف) بچے نے روزہ رکھا | (ب) ٹوکری نیچے رکھ دو | (ج) کتابیں الماری میں رکھو | (د) بھارت نے کشمیر پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہے | |
| 131 | لگنا: | | | | |
| | (الف) وہ ہنستے ہنستے رونے لگا | (ب) تم میرے کیا لگتے ہو | (ج) تمہاری بات اچھی لگتی ہے | (د) بچے کو سردی لگی ہے | |
| 132 | چکنا: | | | | |
| | (الف) سورج ڈوب چکا ہے | (ب) ذرا وہی تو چکھو | (ج) میرا حساب چکا دو | (د) میرے ہاتھ چکنے ہیں | |
| 133 | آنا: | | | | |
| | (الف) میرے پاس آجاؤ | (ب) جلدی جلدی آؤ | (ج) وہ ہمیشہ دیر سے آتا ہے | (د) بچے کو چھوڑ آؤ | |
| 134 | پڑنا: | | | | |
| | (الف) مجھے کام جانا پڑا | (ب) وہ دو دن سے پڑا رہا | (ج) الجھ پڑنا درست نہیں ہے | (د) اب میں ہاسٹل میں پڑتا ہوں | |
| 135 | رہنا: | | | | |
| | (الف) وہ اکثر پریشان رہتا ہے | (ب) وہ یہاں آ کر رہتا ہے | (ج) آپ دو سال کہاں رہے؟ | (د) بس آرام سے رہو | |
| 136 | چاہنا: | | | | |
| | (الف) ہم نے چاہا تھا کہ چاہے جاتے | (ب) آخر تم چاہتے کیا ہو؟ | (ج) پانچ بجا چاہتے ہیں | (د) میں تمہارا برا کیوں چاہوں گا؟ | |
| 137 | اٹھنا: | | | | |
| | (الف) دیر سے اٹھنا اچھی عادت نہیں | (ب) گھر سے عینک اٹھا لاؤ | (ج) اس نے دو من وزن اٹھایا | (د) شور سے بچے جاگ اٹھا | |
| 138 | ہونا: | | | | |
| | (الف) شام ہو گئی ہے | (ب) اسے بخار ہو گیا | (ج) اس نے بینک سے قرضہ لیا ہوا ہے | (د) یہاں ہر روز ایسا ہی ہوتا ہے | |
| 139 | آنا: | | | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | تم آئے ہو نہ شب انتظار گزری ہے | (ب) | وہ لاہور سے واپس آگیا ہے | (ج) | وہ بازار سے پھولوں کے ہار لے آیا | (د) | ہم لوگ کراچی سے آئے ہوئے ہیں |
| 140 | رہنا: | | | | | | |
| (الف) | بیٹے کے انتظار میں ماں رات بھر جاگتی رہی | (ب) | احمد ملتان میں رہتا ہے | (ج) | وہ چھوٹے مکان میں رہتا ہے | (د) | مجھے تم سے کوئی شکایت نہیں رہی |
| 141 | ڈالنا: | | | | | | |
| (الف) | لڑکوں نے جھگڑا ڈالا | (ب) | باولے کتے کو مار ڈالو | (ج) | جگ میں پانی ڈالو | (د) | کٹورے میں دودھ ڈال دو |
| 142 | پانا: | | | | | | |
| (الف) | آم جنوبی پنجاب میں پایا جاتا ہے | (ب) | تم اس کام کی کتنی تنخواہ پاتے ہو | (ج) | وہ اسے اپنی بات نہ سمجھا پایا | (د) | محنت کرنے والا محنت کا پھل ضرور پاتا ہے |
| 143 | کرنا: | | | | | | |
| (الف) | روزانہ قرآن پاک کی تلاوت کیا کرو | (ب) | وہ کپڑے کے کارخانے میں کام کرتا ہے | (ج) | وہ ہر وقت ورزش کرتا رہتا ہے | (د) | اپنا کام جلدی ختم کرو |
| 144 | آنا: | | | | | | |
| (الف) | وہ دیر سے آتا ہے | (ب) | صبح جلدی آنا | (ج) | اسے سکول چھوڑ آؤ | (د) | میرے پاس آؤ |
| 145 | اٹھنا: | | | | | | |
| (الف) | آگ بھڑک اٹھی | (ب) | صبح جلدی اٹھا کرو | (ج) | محفل سے اٹھ جاؤ | (د) | وہ صبح سویرے اٹھ گیا |
| 146 | دینا: | | | | | | |
| (الف) | مجھے کچھ رقم دو | (ب) | میں نے اسے کتاب دی | (ج) | اسے کتاب دے دو | (د) | میرے دوست نے تحفہ دیا ہے |
| 147 | آنا: | | | | | | |
| (الف) | علی روزانہ سکول آتا ہے | (ب) | وہ آج لاہور سے آیا | (ج) | دیر سے مت آنا | (د) | سامان لے آؤ |
| 148 | جانا: | | | | | | |
| (الف) | کالج جلدی جاؤ | (ب) | وہ چلتے چلتے گھر پہنچا | (ج) | میں گھر سے چلا گیا | (د) | وہ لاہور جاتا ہے |
| 149 | رہنا: | | | | | | |
| (الف) | تم چپ رہو | (ب) | ماں رات بھر جاگتی رہی | (ج) | آپ کہاں رہے؟ | (د) | اپنی تجویز رہنے دو |
| 150 | ہونا: | | | | | | |
| (الف) | صبح کا وقت سہانا ہوتا ہے | (ب) | یہ کام ہونا چاہیے | (ج) | ناراض نہ ہونا | (د) | بچہ سویا ہوا ہے |
| 151 | کرنا: | | | | | | |
| (الف) | وہ یہاں آیا کرتا ہے | (ب) | تم یہ کام بھی کرو | (ج) | مجھے سبق یاد کرنا | (د) | کچھ کام تم بھی کرو |
| 152 | ڈالنا: | | | | | | |
| (الف) | اُس نے لیٹر بکس میں خط ڈالا | (ب) | اسلم نے گلاس میں پانی ڈالا | (ج) | بلی نے چوہے کو مار ڈالا | (د) | اُس نے سالن میں نمک ڈالا |
| 153 | لگنا: | | | | | | |
| (الف) | مجھے بھوک لگی ہے | (ب) | کشتی کنارے جا لگی | (ج) | مزدور کے سر میں اینٹ لگی | (د) | اسلم اچھا لگتا ہے |
| 154 | آنا: | | | | | | |
| (الف) | کسی روز میرے گھر آنا | (ب) | میرے سامنے مت آؤ | (ج) | ذرا ادھر کو آؤ | (د) | بچے کو لے آؤ |

Al-Qadir Jinnah Science Academy Mallian Kalan 03024741124

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 155 | پانا: | | | | | | | |
| (الف) | اس نے آخر کار اسے پالیا | (ب) | وہ اسے پانا چاہتا ہے | (ج) | میں دو ماہ تک یہ کام ختم کر پاؤں گا | (د) | میرے لیے اسے پانا ممکن نہیں ہے |
| 156 | پڑنا: | | | | | | | |
| (الف) | میرا گھر راستے میں پڑتا ہے | (ب) | اسے مجھ سے کام پڑ گیا | (ج) | وہ سکول میں پڑھتا ہے | (د) | بلی چوہوں پر ٹوٹ پڑی |
| 157 | چاہنا: | | | | | | | |
| (الف) | وہ اسے چاہتا ہے | (ب) | مجھے اس نے چاہا | (ج) | موسم خزاں آیا چاہتا ہے | (د) | اسے چاہا گیا |
| 158 | آنا: | | | | | | | |
| (الف) | وہ یہاں آیا | (ب) | تم میرے پاس آؤ | (ج) | مجھے کالج چھوڑ آؤ | (د) | ذرا یہاں آنا |
| 159 | پانا: | | | | | | | |
| (الف) | میں یہ سوال بمشکل حل کر پایا | (ب) | وہ اُسے پانا چاہتا ہے | (ج) | اس مسئلے کا حل کیسا پایا؟ | (د) | میرے لیے اُسے پانا مشکل ہے |
| 160 | لگنا: | | | | | | | |
| (الف) | وہ آپ کا کیا لگتا ہے؟ | (ب) | وہ رونے لگا | (ج) | گھر میں آگ لگ گئی | (د) | مجھے سردی لگ رہی ہے |
| 161 | لینا: | | | | | | | |
| (الف) | اس سے قلم لینا | (ب) | بازار سے دہی لا دو | (ج) | اس نے کھانا کھا لیا ہے | (د) | سانس آہستہ لو |
| 162 | پانا: | | | | | | | |
| (الف) | ہم نے آم میٹھے پائے | (ب) | میں اسے دیکھ نہیں پایا | (ج) | جھوٹ سے تم نے کیا پایا | (د) | وہ گاڑی نہ پا سکا |
| 163 | نکلنا: | | | | | | | |
| (الف) | مسافر جانے کہاں جا نکلا؟ | (ب) | خواب سچا نکلا | (ج) | باڑ نکل آیا | (د) | اصل بات کیا نکلی؟ |
| 164 | ہونا: | | | | | | | |
| (الف) | یہ کیا ہو رہا ہے؟ | (ب) | ہر روز ایسا ہی ہوتا ہے | (ج) | کاش میں نے وقت سے فائدہ اٹھایا ہوتا | (د) | آپ سچے ہو |
| 165 | دینا: | | | | | | | |
| (الف) | مجھے سو روپے دو | (ب) | ذرا ہاتھ میں ہاتھ دو | (ج) | وقت ہمیں کئی سبق دیتا ہے | (د) | ہماری فوج نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا |
| 166 | رہنا: | | | | | | | |
| (الف) | ارشد گاؤں میں رہتا ہے | (ب) | اتنی دیر کہاں رہے | (ج) | شاہ زیب دو سال سے چین میں رہ رہا ہے | (د) | وہ اپنے گھر میں رہتا ہے |
| 167 | لینا: | | | | | | | |
| (الف) | ہمیں اس سے کیا لینا | (ب) | خیام نے دکان سے قلم لیا | (ج) | افہام نے روزہ افطار کر لیا | (د) | جلدی سے کتاب لاؤ |
| 168 | چکنا: | | | | | | | |
| (الف) | وہ اپنا قرض ادا کر چکا ہے | (ب) | اسے چک پڑ گئی ہے | (ج) | یہ فرش بہت چکنا ہے | (د) | احمد نے قرض چکا دیا |
| 169 | پڑنا: | | | | | | | |
| (الف) | مجھے ضروری کام پڑ گیا | (ب) | کتاب میز پر پڑی ہے | (ج) | بچہ دوڑتے ہوئے گر پڑا | (د) | گیند کہاں پڑی ہے |
| 170 | لینا: | | | | | | | |
| (الف) | میری کتاب لا دو | (ب) | کپڑے بیگ میں رکھ لو | (ج) | بازار سے دہی لے آؤ | (د) | پھل لے بھی آؤ |

Al-Qadir Jinnah Science Academy Mallian Kalan 03024741124

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 171 | لگنا: | | | | | | | |
| (الف) | آگ کیسے لگی؟ | (ب) | کشتی کنارے جا لگی | (ج) | اسے پینٹ کوٹ کیسا لگ رہا ہے؟ | (د) | وہ آپ کا کیا لگتا ہے | |
| 172 | آنا: | | | | | | | |
| (الف) | میں آگیا ہوں | (ب) | تمہیں یہاں نہیں آنا چاہیے تھا | (ج) | میں تمہارے گھر آؤں گا | (د) | کیا دن نکل آیا ہے؟ | |
| 173 | جانا: | | | | | | | |
| (الف) | وہ سکول گیا | (ب) | وہ گھر جا رہا ہے | (ج) | میز کی ایک ٹانگ ٹوٹ گئی ہے | (د) | مجھے کراچی جانا ہے | |
| 174 | ہونا: | | | | | | | |
| (الف) | کاش! وہ میرے گھر آیا ہوتا | (ب) | اس کے ساتھ بہت برا ہوا | (ج) | ہوا چلی تو کیا ہوا؟ | (د) | تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ | |
| 175 | رہنا: | | | | | | | |
| (الف) | ندی کا پانی بہہ رہا ہے | (ب) | تم کہاں رہتے ہو؟ | (ج) | وہ ہر کام میں پیچھے رہتا ہے | (د) | اسلم کا قلم وہیں رہ گیا | |
| 176 | پانا: | | | | | | | |
| (الف) | اُس نے کامیابی پائی | (ب) | کاش! میں اُسے دیکھ پاتا | (ج) | اُس نے منزل پالی | (د) | کیا گھر پالیا؟ | |
| 177 | دینا: | | | | | | | |
| (الف) | مجھے کتاب دو | (ب) | وہ زخم دیتا ہے | (ج) | میں نے قلم دیا | (د) | میرا قلم دے دو | |
| 178 | سکنا: | | | | | | | |
| (الف) | وہ سکتا میں آگیا | (ب) | نازک دل ٹوٹ سکتا ہے | (ج) | سکتہ ہے مختصر ٹھہراؤ | (د) | اُس کا سکنہ ملتان ہے | |
| 179 | پانا: | | | | | | | |
| (الف) | محسن نے مقصد پالیا | (ب) | اسلم نے انعام پایا | (ج) | وہ ابھی کام ختم نہیں کر پایا | (د) | مزدور نے تنخواہ پائی | |
| 180 | ہونا: | | | | | | | |
| (الف) | تم کون ہو | (ب) | تمہارا کام ہو گیا ہے | (ج) | شیر جنگل میں ہوتا ہے | (د) | تم نے میری بات مانی ہوتی | |
| 181 | رہنا: | | | | | | | |
| (الف) | آپ کہاں رہتے ہیں | (ب) | آج کام رہنے دو | (ج) | وہ بس سے رہ گیا | (د) | سورج طلوع ہو رہا ہے | |
| 182 | رکھنا: | | | | | | | |
| (الف) | اُس نے قبضہ جما رکھا ہے | (ب) | میں نے قلم رکھا | (ج) | دوسروں کا خیال رکھو | (د) | کرسی یہاں رکھو | |
| 183 | دینا: | | | | | | | |
| (الف) | اللہ رزق دیتا ہے | (ب) | ذرا قلم دینا | (ج) | میں نے خط لکھ دیا | (د) | وہ کتاب دے گیا | |
| 184 | چکنا: | | | | | | | |
| (الف) | میں کھانا کھا چکا | (ب) | میں نے حساب چکا دیا | (ج) | چکنا پر اٹھا اچھا نہیں | (د) | اُسے قرض چکانا پڑا | |
| 185 | ڈالنا: | | | | | | | |
| (الف) | گلاس میں پانی ڈالو | (ب) | مہنگائی نے مار ڈالا | (ج) | مصیبت نہ ڈالو | (د) | کتاب بستے میں ڈال دو | |
| 186 | ہونا: | | | | | | | |
| (الف) | اُسے بخار ہو گیا | (ب) | شام ہو گئی ہے | (ج) | میاں ایسا ہی ہوتا ہے | (د) | اس نے بنک سے قرضہ لیا ہوا ہے | |
| 187 | دینا: | | | | | | | |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | اس نے مجھے تحفہ دیا | (ب) | میز پر قلم رکھ دینا | (ج) | وہ پرچہ دے آیا ہے | (د) | اُسے رقم اُدھار دینا | |
| 188 | لینا: | | | | | | | |
| (الف) | سبق یاد کر لو | (ب) | کوا روٹی لے اُڑا | (ج) | میں نے اُسے کتاب لے دی | (د) | بازار سے پھل لادو | |
| 189 | پانا: | | | | | | | |
| (الف) | میں نے جو چاہا، پالیا | (ب) | جنید لاہور بڑی مشکل سے جا پایا | (ج) | پہلے آیئے، پہلے پایئے | (د) | نیکی کرو، اجر پاؤ | |
| 190 | جانا: | | | | | | | |
| (الف) | بازار جاؤ | (ب) | اسے کالج جانا ہے | (ج) | روز سکول جایا کرو | (د) | آ کے سبق پڑھ جاؤ | |
| 191 | پانا: | | | | | | | |
| (الف) | وہ ابھی کام ختم نہیں کر پایا | (ب) | محسن نے اپنا مقصد پالیا | (ج) | اُس نے انعام پایا ہے | (د) | مزدور نے مہینے کے بعد تنخواہ پائی | |
| 192 | ہونا: | | | | | | | |
| (الف) | کاش! تم نے میری بات مانی ہوتی | (ب) | شیر جنگل میں ہوتا ہے | (ج) | تم کون ہو؟ | (د) | تمہارا کام ہو گیا ہے | |
| 193 | رہنا: | | | | | | | |
| (الف) | اسلم ملتان میں رہتا ہے | (ب) | اکرم یہاں آتا رہتا ہے | (ج) | مجھے ابھی یہاں رہنا ہے | (د) | تم یہاں رہو | |
| 194 | کرنا: | | | | | | | |
| (الف) | ہمیشہ کام دیانتداری سے کرو | (ب) | احمد نے سوال حل کر لیا ہے | (ج) | کاش وہ محنت کرتا | (د) | رات کو جلدی سویا کرو | |
| 195 | کرنا: | | | | | | | |
| (الف) | غلط کام مت کریں | (ب) | میں نے یہ کام کر دیا ہے | (ج) | کاش وہ محنت کرتا | (د) | کھانا وقت پر کھایا کرو | |
| 196 | رہنا: | | | | | | | |
| (الف) | علی لاہور جا رہا ہے | (ب) | اصولوں پر قائم رہنا ہے | (ج) | ہنگامہ رات بھر جاری رہا | (د) | شاہد گاؤں میں رہتا ہے | |
| 197 | دینا: | | | | | | | |
| (الف) | اس نے مجھے انعام دیا | (ب) | ڈاکیے نے آج خط دیا | (ج) | اسلم نے اُدھار رقم دی | (د) | میں نے اُسے سمجھا دیا | |
| 198 | لینا: | | | | | | | |
| (الف) | ہمیں اُس سے کیا لینا؟ | (ب) | جلدی سے کتاب لاؤ | (ج) | اشفاق نے روزہ افطار کر لیا | (د) | خیام نے دکان سے قلم لیا | |
| 199 | سکنا: | | | | | | | |
| (الف) | وہ انگلش بول سکتا ہے | (ب) | وہ سیکھ لیتا ہے | (ج) | تم عربی سیکھتے ہو | (د) | اس نے سب کچھ سیکھا | |
| 200 | جانا: | | | | | | | |
| (الف) | اسے لاہور جانا ہے | (ب) | تم کہاں جا رہے ہو؟ | (ج) | وہ دو گھنٹے بعد یہاں سے چلا گیا | (د) | اُسے کالج جلدی جانا تھا | |

## سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل پیراگراف کی سیاق و اسباق کے حوالے تشریح کریں۔

1) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابل قدر ہے 'سلاطین بنی امیہ کی ناجائز کاروائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطین بنی امیہ نے ملک کا بڑا حصہ 'جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضے میں تھا' اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطین تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔ عمر بن عبدالعزیزؒ تخت خلافت پر بیٹھے تو سب سے پہلے ان کو اس کا خیال ہوا 'لیکن ایسا کرنا تمام خاندان خلافت کو دشمن بنا لینا تھا۔

| | |
|---|---|
| 2) | علامہ موصوف نے اس کتاب میں صرف ان باتوں کا لیا ہے جو زیادہ تر ان کے اخلاق اور عدل و انصاف سے واسطہ رکھتی ہیں۔ چنانچہ ہم واقعات کو اس موقعے پر نقل کرتے ہیں۔ ان میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے واقعات اور حالات میں سب سے زیادہ جو چیز قابل لحاظ ہے وہ غیر مذہب والوں کے ساتھ ان کا طرز عمل ہے۔ عمر بن عبدالعزیزؒ مذہب کی مجسم تصویر تھے۔ مذہبی حیثیت سے ان کو "عمر ثانیؒ" کا لقب دیا گیا ہے۔ **(زیادہ اہم)** |
| 3) | بنو امیہ کے دفتری اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا' اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آگیا تھا۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس بدعت کو بالکل مٹا دیا۔ دو نہایت متدین اور راست باز شخص اس کام پر مقرر کیے کہ عدالت کے وقت اُن کے پاس موجود رہیں اور ان سے جو غلطی سرزد ہو فوراً ٹوک دیں۔ ان کے اس طرز عمل سے لوگوں کو عام طور پر جرات ہو گئی تھی اور لوگ نہایت بے باکی سے اُن کے اقوال و افعال پر نکتہ چینی کرتے تھے۔ |
| 4) | یہ امر بیان کرنے کے قابل ہے کہ خلفائے بنی اُمیہ کی دولت مندی کا یہ حال تھا کہ جب ہشام بن عبدالملک نے وفات پائی تو اس کے ترکے میں سے صرف اولاد ذکور کو جس قدر نقدی رقم وراثت میں ملی اس کی تعداد ایک کروڑ دس لاکھ دینار تھی۔ لیکن عمر بن عبدالعزیزؒ نے جب وفات پائی تو کل سترہ دینار چھوڑے، جن میں تجہیز و تکفین کے مصارف ادا کرنے کے بعد دس دینار بچے جو ورثا پر تقسیم ہوئے۔ غرض عمر بن عبدالعزیزؒ کی خلافت اور سلطنت ٹھیک اسی اصول کا نمونہ تھی جو اسلام نے قائم کیا تھا۔ **(زیادہ اہم)** |
| 5) | عمر بن عبدالعزیزؒ اکثر عیسائیوں اور یہودیوں کے ہاں مہمان ہوتے تھے لیکن ان کے کھانے کی قیمت دے دیا کرتے تھے۔ وفات کے وقت اپنے مقبرے کے لیے جو زمین پسند کی وہ ایک عیسائی کی تھی۔ اس کو بلا کر خریدنا چاہا۔ اس نے کہا، امیر المومنین! قیمت کی ضرورت نہیں، ہمارے لیے تو یہ امر برکت کا باعث ہو گا لیکن انھوں نے نہ مانا اور تیس دینار دے کر وہ زمین خرید لی۔ |
| 6) | عمر بن عبدالعزیزؒ کی حکومت و سلطنت کا اصل اصول مساوات اور جمہوریت تھا۔ یعنی یہ کہ تمام لوگ یکساں حقوق رکھتے ہیں اور بادشاہ کو کسی پر کسی قسم کی ترجیح حاصل نہیں۔ صرف ملکی اُمور میں نہیں بلکہ معاشرت اور ذاتی زندگی میں بھی عمر بن عبدالعزیزؒ اس کا لحاظ رکھتے تھے۔ |
| 7) | مسلمانوں کا نصب العین اسلام ہے۔ وہ اسلام نہیں جس کا ڈنکا مطلق العنان بادشاہوں اور خود غرض اُمرا نے بجایا بلکہ وہ اسلام جس کا حامل قرآن ہے 'جس نے صرف ان دیکھے خدا کے آگے سر جھکانا سکھایا۔ وہ اسلام جس کا نمونہ آنحضرت ﷺ اور خلفائے راشدین کے عہد میں مسلمانوں کی زندگیوں میں نظر آتا ہے۔ وہ سچائی 'وہ دلیری 'وہ خود اعتمادی 'وہ انکسار و امن پسندی 'وہ محنت و مساوات 'وہ صبر و تقویٰ 'وہ مسلم و غیر مسلم سب کی خدمت 'سب کے حقوق کا تحفظ 'سب سے رواداری اور محبت! یہ ہے پاکستان کے مسلمانوں کا نصب العین۔ **(زیادہ اہم)** |
| 8) | سرسید نے قدامت پسند مسلمانوں کو نئے زمانے کی ضروریات سے آگاہ کیا اور ہزار وقتوں سے ان کو نئے علوم کے حصول اور نئی حکومت سے تعاون پر آمادہ کیا۔ اپنی مذہبی تصانیف اور رسالہ "تہذیب الاخلاق" کے اجرا سے انھوں نے ثابت کر دکھایا کہ اسلام عقل کے اصولوں پر مبنی ہے۔ اُن کی تعلیمی مساعی 1877ء میں تکمیل کو پہنچیں جب علی گڑھ کالج کا افتتاح ہوا جو کم از کم تیس برس تک مسلمانانِ ہند کا واحد قومی مرکز بنا رہا۔ **(زیادہ اہم)** |
| 9) | سید احمد نے ایک نظام حکومت قائم کر کے قبائل کی معاشرتی اصلاح کے احکام نافذ کیے لیکن بعض سرداروں کی غداری سے 'جو سکھوں کے ساتھ شریک ہو گئے آخر کار مسلمانوں کو شکست ہوئی اور ان کا رہنما 6 مئی 1831ء بالاکوٹ میں شہید ہوا یعنی مسلمانوں کی مساعی خود مسلمانوں ہی کے ہاتھوں برباد ہو گئیں۔ |

Al-Qadir Jinnah Science Academy Mallian Kalan 03024741124

10) علی گڑھ تحریک کی وجہ سے قوم میں کئی اور تحریکات شروع ہو گئیں۔اختلافات ضرور رونما ہوئے لیکن ایک حد تک یہ نئی زندگی کا نشان تھے۔ سر سید 'امیر علی اور دیگر بزرگوں نے اسلام کو مغربی علوم سے اس طرح جا ملایا تھا کہ اسے ایک ترقی یافتہ مذہب ثابت کیا لیکن اس جدید علم الکلام کے رد عمل کے طور پر بعض اور مذہبی مساعی بروئے کار آئیں۔

11) اس مساعی کا نتیجہ یہ ہوا کہ مذہب سے بیگانگی کم ہو گئی اور مغرب کی ذہنی غلامی سے نجات ملی لیکن ساتھ ہی ایک ایسی فضا بھی پیدا ہو گئی جس میں اپنی ہر چیز اچھی اور دوسروں کی ہر چیز بری نظر آنے لگی اس کی اصلاح ضروری ہو گئی۔ اقبال نے آکر اسلامی علوم کے غائر مطالعے کے بعد اپنا خاص اسلامی فلسفہ قوم کے سامنے پیش کیا جس کا مقصد کامل ترین انسان کی انفرادی نشو و نما ہے۔

12) دوسروں سے کام لینے کا انھیں بڑا اچھا سلیقہ تھا۔ وہ کچھ ایسے مہر آمیز طریقے سے کہتے تھے اور اس طرح ہمت افزائی کرتے تھے کہ لوگ خوشی خوشی اُن کا کام کرتے تھے۔ اپنے ملازموں اور ماتحتوں سے بھی ان کا سلوک ایسا تھا کہ وہ ان کی فرمائش کی تعمیل ایسی تن دہی اور شوق سے کرتے تھے جیسے ان کا کوئی ذاتی کام ہو اور وقت پر جان لڑا دیتے تھے۔

13) جس زمانے میں نواب صاحب پیدا ہوئے اور ہوش سنبھالا 'مسلمانوں میں مذہبی جذبہ بہت بڑھا ہوا تھا۔ اس کے متعدد اسباب تھے۔ ان میں سے شاید ایک یہ بھی تھا کہ انسان جب ہر طرف سے مایوس ہو جاتا ہے تو مذہب کی پناہ ڈھونڈتا ہے۔ مسلمان دولت و اقبال 'جاہ و ثروت سب کچھ کھو چکے تھے 'ایک مذہب رہ گیا تھا اس لیے یہ انھیں اور بھی عزیز ہو گیا۔ ذرا سی بدگمانی پر بھی ان کے جذبات بھڑک اٹھتے تھے۔ اس وقت شاید ہی کوئی ایسا مصنف یا ادیب ہو جس نے مذہب پر قلم فرسائی نہ کی ہو۔ **(زیادہ اہم)**

14) تقریر کے وقت منہ سے پھول جھڑتے تھے۔ آواز میں شرینی اور دل کشی تھی۔ اکثر لوگ جو اُن سے ملنے یا کسی معاملے میں گفتگو کرنے آتے تو ان کی ذہانت اور لیاقت کے قائل ہو جاتے۔ ان کی خوش بیانی ایسی تھی کہ اکثر اوقات مخالف بھی مان جاتے تھے۔ دکن میں رہتے رہتے اور بعض امراض کی وجہ سے بھی وہ شدید موسم کو برداشت نہیں کر سکتے تھے

15) وہ جوہر قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں ان کی سیاست دانی مدبر 'انتظامی قابلیت کے جوہر کھلے۔ اُن کا ذہن ایسا رسا اُن کی طبیعت ایسی حاضر اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ترکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے 'بڑے بڑے مدبران کا لوہا مان گئے تھے۔ **(زیادہ اہم)**

16) عالم کا رنگ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کا دنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جھولا ڈالے الگ باغ میں جھولا کرتے تھے 'البتہ جو صاحب ضرورت اُن کے پاس جاتا 'اسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر اُن کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج وافلاس کی بلا سے بندگان خدا کو نجات ہو۔ وہ بہت خفا ہوئے اور کہا کہ اپنے کیے کا علاج نہیں۔ خسرو آرام ایک فرشتہ سیرت بادشاہ تھا۔ تم نے اس کا حق شکر نہ ادا کیا اور اس آفت کو اپنے ہاتھوں سر لیا۔ **(زیادہ اہم)**

17) وہ انھیں دیکھتے ہی ہنسا اور ایک قہقہہ مار کر پکارا کہ آؤ انسانو! نادانو! آرام کے بندو! عیش کے پابندو! آؤ آؤ آج سے تم ہمارے سپرد ہوئے۔ اب تمہاری خوشی کی امید اور بچاؤ کی راہ اگر ہے تو ہمارے ہاتھ ہے۔ خسرو آرام ایک کمزور 'کام چور 'بے ہمت 'کم حوصلہ؛ بھولا بھالا 'سب کے منہ کا نوالہ تھا 'نہ تمھیں سنبھال سکا 'نہ مصیبت سے نکال سکا۔ بیماری اور قحط سالی کا ایک ریلا بھی نہ ٹال سکا۔

18) اتفاقاً ایک میدانِ وسیع میں تختہ پھلوں کا کھلا کہ اس سے عالم مہک گیا مگر بُو اس کی گرم اور تیز تھی۔ تاثیر یہ ہوئی کہ لوگوں کی طبیعتیں بدل گئیں اور ہر ایک کے دل میں خود بخود یہ کھٹک پیدا ہوئی کہ سامان عیش و آرام کا جو کچھ ہے میرے ہی کام آئے اور کے پاس نہ جائے۔ اس غرض سے اس گلزار میں گلگشت کے بہانے کبھی تو

| | |
|---|---|
| | فریب کے جاسوس اور کبھی سینہ زوری کے شیاطین آکر چالاکیاں دکھانے لگے، پھر تو چند روز کے بعد اُن کی ڈُریات یعنی غارت، تاراج، لوٹ مار آن پہنچے اور ڈرا کے مارنے لگی۔ |
| 19) | دامن کوہ میں دیکھا کہ ایک جوان قوی ہیکل کھڑا ہے۔ چہرہ اس کا ہوا سے جُھریا ہوا' دھوپ سے تمتمایا ہوا؛ مشقت کی ریاضت سے بدن اینٹھا ہوا' پسلیاں ابھری ہوئیں' ایک ہاتھ میں کھیتی کا سامان؛ ایک ہاتھ میں معماری کے اوزار لیے ہانپ رہا ہے۔ |
| 20) | عالم کا رنگ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جُھولا ڈالے الگ باغ میں جُھولا کرتے تھے۔ البتہ جو صاحب ضرورت اُن کے پاس جاتا، اُسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر اُن کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج وافلاس کی بلا سے بندگانِ خدا کو نجات ہو۔ **(زیادہ اہم)** |
| 21) | الغرض ہمت اور تحمل ان سب کو جنگلوں اور پہاڑوں میں لے گئے۔ کانوں کا کھودنا، اتار چڑھاؤ ہموار کرنا، تالابوں سے پانی سینچنا، دریاؤں کی دھاروں کا رخ پھیرنا، سب سکھایا۔ لوگوں کے دلوں پر اس کی بات کا ایسا اثر ہوا تھا کہ سب دفعتہً کمریں باندھ، آنکھیں بند کر، دیمک کی طرح روئے زمین کو لپٹ گئے۔ **(زیادہ اہم)** |
| 22) | طمع ایسی چیز ہے کہ بڑا سیانا آدمی بھی دھوکا کھا جاتا ہے۔ جنگلی جانور، مینا، طوطا، لال، بُلبل، آدمی کی شکل سے بھاگتے ہیں، لیکن دانے کی طمع سے جال میں پھنس جاتے ہیں اور زندگی بھر قفس میں قید رہتے ہیں۔ اسی طرح محمد عاقل اپنا فائدہ دیکھ کر خوش ہوا اور جب مزاج دار نے کہا کہ وہ حجن بیگم کا تمام اسباب جو بکنے کو نکلے گا، میرے پاس لانے کا وعدہ کر گئی ہے، تو محمد عاقل نے کہا: ''ضرور دیکھنا چاہیے۔'' |
| 23) | سب کچھ خدا نے ان کو دے رکھا تھا' دولت کی کچھ انتہا نہ تھی' نوکر چاکر' لونڈی' غلام پالکی نالکی سبھی کچھ تھا' ایک تو اولاد کی طرف رنجیدہ رہا کرتی تھیں' کوئی بچہ نہ تھا' دوسرے نواب صاحب کو ان کی طرف مطلق التفات نہ تھا' شاید اولاد نہ ہونے کے سبب محبت نہ کرتے ہوں' ورنہ بیگم صورت میں چندے آفتاب' چندے ماہتاب اور حسن و دولت پر مزاج ایسا سادہ کہ ہم جیسے ناچیزوں کو برابر بٹھانا اور پوچھنا۔ بیگم کو فقیروں پر پرلے درجے کا اعتقاد تھا۔ |
| 24) | غرض پہلی ہی ملاقات میں مزاج دار نے حجن کا ساتھ ایسی بے تکلفی کی کہ اپنا حال جزو وکل اس سے کہہ دیا اور حجن نے باتوں باتوں میں تمام بھید معلوم کر لیا۔ ایک پہر کامل حجن بیٹھی رہی۔ رخصت ہونے لگی تو مزاج دار نے بہت منت کی کہ اچھی بی حجن، اب کب آؤ گی؟ حجن نے کہا: ''میری بھانجی موم گروں کے چھتے میں رہتی ہے اور بہت بیمار ہے۔ اسی کے علاج کے واسطے میں آگرے سے آئی ہوں۔ اس کے دوا معالجے سے فرصت کم ہوتی ہے، مگر ان شاءاللہ دوسرے تیسرے دن تم کو دیکھ جایا کروں گی۔'' **(زیادہ اہم)** |
| 25) | اکبری کو جہیز میں جو کپڑے ملے تھے، ان کا حال سُنیے۔ جب تک ساس کے ساتھ رہیں، ساس دسویں دن نکال کر دھوپ دے دیا کرتی تھیں۔ شروع برسات میں الگ ہو کر رہیں۔ کپڑوں کا صندوق جس کوٹھڑی میں جس طرح رکھا گیا تھا۔ تمام برسات گزر گئی، اس کو دیکھنا نصیب نہ ہوا۔ وہیں اسی طرح رکھا رہا۔ جاڑے کی آمد میں دولائی کی ضرورت ہوئی تو صندوق کھولا گیا۔ بہت کپڑوں کو دیمک چاٹ گئی تھی۔ چوہوں نے کاٹ کاٹ کر بغارے ڈال دیے تھے۔ |
| 26) | مزاج دار نے بہت خاطر داری سے حجن کو پاس بٹھایا اور سب چیزیں دیکھیں۔ سرمہ اور نادِ علی دو چیزیں پسند کیں۔ حجن نے مزاج دار کو باتوں ہی باتوں میں تاڑ لیا کہ یہ عورت جلد ڈھب پر چڑھ جائے گی۔ ایک پیسے کا بہت سا سرمہ تول دیا اور دو آنے کو نادِ علی حوالے کی اور فیروزے کی ایک انگوٹھی تبرک کے طور پر اپنے پاس سے مفت دی۔ مزاج دار ریجھ گئی۔ **(زیادہ اہم)** |
| 27) | مسلمانوں کے پہاڑی علاقے میں داخل ہوتے ہی بھیم سنگھ کے سپاہیوں نے اکا دکا حملے شروع کر دیے۔ تیس چالیس سپاہیوں کا گروہ اچانک کسی ٹیلے یا پہاڑی کی چوٹی پر نمودار ہوتا اور آن کی آن میں محمد بن قاسم کی فوج کے کسی حصے پر تیر اور پتھر برسا کر غائب ہو جاتا۔ گھوڑوں کے سوار ادھر اُدھر ہٹ کر اپنا بچاؤ کر لیتے لیکن شتر سوار دستوں کے لیے یہ حملے بڑی حد تک پریشان کن ثابت ہوئے۔ |

28) میں دعا کرتا ہوں کہ خدا مجھے قوم کے لیے رستم نہ بنائے بلکہ مجھے مثنیٰ بننے کی توفیق دے جن کی شہادت نے ہر مسلمان کو جذبۂ شہادت سے سرشار کر دیا تھا۔ میرے لیے اس سپہ سالار کی جان کی کوئی قیمت نہیں جو اُسے اپنے سپاہیوں کی تلواروں کے پہرے میں چھپا کر رکھتا ہے اور اپنے بہادروں کو جان کی بازی لگانے کے بجائے جان بچانے کی ترغیب دیتا ہے۔ اگر اس قلعے کو فتح کرنا اس قدر اہم نہ ہوتا تو میں یہ مہم شاید کسی اور کے سپرد کر دیتا لیکن اس مہم کا خطرہ اور اس کی اہمیت دونوں اس بات کی متقاضی ہیں کہ میں خود اس کی رہنمائی کروں۔ **(زیادہ اھم)**

29) مسلمانوں کی خود اعتمادی کا یہ عالم تھا کہ انھیں اپنے سپہ سالار کی عدم موجودگی کا احساس تک بھی نہ تھا۔ ہماری تاریخ میں آپ کو کوئی ایسا واقعہ نہیں ملے گا 'جب سالار کی شہادت سے بددل ہو کر مجاہدوں نے ہتھیار ڈال دیے ہوں۔ ہم بادشاہوں اور سالاروں کے لیے نہیں لڑتے۔ ہم خدا کے لیے لڑتے ہیں۔ بادشاہوں اور سالاروں پر بھروسہ کرنے والے ان کی موت کے بعد مایوس ہو سکتے ہیں لیکن ہمارا خدا ہر وقت موجود ہے۔ قرآن میں ہمارے لیے اس کے احکام موجود ہیں۔

30) محمد بن قاسم نے بصرہ میں تین دن قیام کیا۔ اس کی آمد سے پہلے بصرہ میں حجاج بن یوسف کے پاس مکران کے گورنر محمد بن ہارون کا یہ پیغام پہنچ چکا تھا کہ عبید اللہ کی قیادت میں بیس آدمیوں کا جو وفد دیبل بھیجا گیا تھا 'اس میں سے صرف دو نوجوان جان بچا کر مکران پہنچنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ **(زیادہ اھم)**

31) مجھے یقین ہے کہ اس قلعے کے فتح ہو جانے کے بعد دشمن یہ تمام علاقہ خالی کرنے پر مجبور ہو جائے گا اور دشمن کے جو سپاہی یہاں سے فرار ہوں گے، وہ دیبل پہنچ کر ایک شکست خوردہ ذہنیت کا مظاہرہ کریں گے لیکن اگر ہم یہاں سے کترا کر نکل گئے تو ان کے حوصلے بڑھ جائیں گے اور ہمارا عقب ہمیشہ غیر محفوظ رہے گا۔

32) ڈھلتے سورج میں بحر الکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمرد کی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ تاحد نظر سبزہ 'یوں احساس ہوا کہ جزیرے اوواہو میں کہنہ مشق کائنات نئے سرے شباب پر آئی ہے۔ اس نے ننھے منے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وجدانی حسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

33) ورنہ در حقیقت سپر مارکیٹ ایسی شیطان کی آنت ہے کہ دل چاہتا ہے کہ خود ٹرالی میں لٹک جائیں۔ اس ادارے کی افراط دیکھ کر انسان ایشیا، افریقہ کی بھوک اور قحط بھول جاتا ہے۔ اس جگہ بلا ارادہ اور بلا ضرورت خریداری کرنی پڑتی ہے۔ ہر شے کے پچاس قسمیں اور ہر قسم چھت تک چنی ہوئی۔ ہر دوسرے قدم میں سیل لکھا ہوا۔ اگر نقد نہیں تو ادھار لیجیے۔ سپر مارکیٹ میں جا کر عورت کی آنکھیں اور بٹوے کھل جاتے ہیں۔ **(زیادہ اھم)**

34) غرض یہ کہ اوّل تو قدرت نے اپنے حسن کے لنگر یہاں جاری کر دیے تھے 'جو کچھ کمی تھی وہ انسان نے پوری کر دی۔ اس شام ہم گھر کا سارا سودا لینے سپر مارکیٹ گئے۔ بہت سے صاحبان اس ادارے کو جانتے ہیں لیکن بہت سی میری ہم وطن بہنیں اس کے متعلق جاننا چاہیں گی۔ تو سنیے سپر مارکیٹ امریکن سرمایہ داری کا مکمل مظاہرہ اور امریکن طرز حیات کا بنیاد قلعہ اور اس کی لامحدود افراط کا ذخار ہے۔ جب سے یہ بروئے زمین برسرپیکار ہوا 'ننھی ننھی دکانیں اور چھوٹے چھوٹے بساطی پنساری دیوالیہ ہو گئے۔ یہ سپر مارکیٹ دس بازاروں کا مہاگرو ہے۔ **(زیادہ اھم)**

35) ہم نے پہلی ٹھیکی کلکتہ میں لگائیں۔ کلکتہ میری جائے پیدائش ہے، حالانکہ میں صرف ایک سال کی شیر خوار وہاں سے لے آئی گئی تھی لیکن پھر بھی اس جگہ سے اُنس تھا۔ اس کو دیکھنے کا ارمان تھا لیکن میرے جذبات نے مجھے ہمیشہ دھکے کھلوائے۔ ایئرپورٹ سے لے کر پولیس اسٹیشن تک جو میرا اور باقی مجھ جیسے سیاحوں کا حال ہوا وہ ناگفتہ بہ ہے۔ خدا کسی شریف انسان کو کلکتے نہ لے جائے۔ اگر مرزا غالب نے اس میں کچھ دیکھا تو ہندوستانی کسٹم آفیسر اور بنیا پولیس سے پہلے دیکھا ہوگا۔

36) ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاء الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں 'یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں 'بچوں کو جھڑکتے ہیں 'ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے "ہائے عنقائے مضمون دام میں آکے چلا گیا"۔

37) کتابت کی غلطیاں تو دیکھو'ایک کالم میں پچاس پچاس غلطیاں اور کتابت کیسی عجیب ہوئی ہے'کوئی دائرہ بھی تو صحیح نہیں'غضب خدا کا'قرآن کی آیت غلط لکھ دی'اتنا خیال نہ آیا کہ کلام الٰہی ہے'ستیاناس کر دیا اخبار کا'ان تما کاپیوں کو جلا دو'از سر نو اخبار مرتب نہیں ہو سکتا'اعلان کر دو کہ کل اخبار نہیں نکلے گا۔بلاؤ اختر کو'اختر!اختر کہاں ہے؟کہاں ہے قاضی؟قاضی!بند کر دو جی اخبار کو!بند کر دو!میں یوں اخبار نہیں نکالنا چاہتا۔۔۔۔"بس باتیں شروع۔

38) اب سے کوئی دس سال اُدھر کا ذکر ہے کہ اخبار"نئی دنیا" کے دفتر میں بیٹھا کام کر رہا تھا۔اتنے میں کسی نے آکر کہا کہ "جمیندار صاحب آئے ہیں"میں لنگی باندھے بیٹھا تھا۔سر کے بال پریشان'داڑھی دن کی بڑھی ہوئی""جمیندار"کا نام سنتے ہی ہڑ بڑا کے اُٹھا'پوچھا"کون جمیندار صاحب؟"وہ بے چارا کچھ کہنے نہ پایا تھا کہ مولانا شایق احمد عثمانی آئے اور کہنے لگے:"بھئی مولانا ظفر علی خاں آئے ہیں" **(زیادہ اہم)**

39) میں لاہور آیا تو کچھ دنوں زمیندار کے دفتر میں بھی قیام رہا۔ایک رات کا ذکر ہے کہ کسی نے پچھلے پہر میرا شانہ ہلایا۔میں آنکھیں ملتا ہوا اُٹھ بیٹھا۔لیکن ابھی صبح کاذب تھی'ہر طرف تاریکی چھائی ہوئی تھی۔صرف اتنا معلوم ہوا کہ کوئی شخص میرے سرہانے کھڑا ہے'میں گھبرایا کہ الٰہی یہ کیا ماجرا ہے۔

40) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انھیں صرف دوڑنے اور ڈنٹر پیلنے کا ہی شوق نہیں'مگدر بھی ہلاتے ہیں'نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں'پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں'نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔حیدر آباد کی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔ **(زیادہ اہم)**

41) دراصل مولانا کی شاعری پر تنقید کرنا میرا موضوع نہیں۔یونہی برسبیل تذکرہ یہ باتیں آگئیں۔مجھے تو یہ کہنا ہے کہ مولانا نے اپنی تمام نظمیں بہت تھوڑے وقت میں کہی ہیں۔شاید ہی کوئی نظم ایسی ہو جو انھوں نے گھنٹے دو گھنٹے میں کہی ہو'ورنہ ایک نظم پر عموماً آدھ گھنٹے سے زیادہ وقت صرف نہیں ہوتا۔

42) یہ تدبیر کارگر ہوئی۔مولانا نے مجھ سے ہمدردی ظاہر کی۔علاج کے متعلق چند معقول مشورے دیے اور تشریف لے گئے۔میں نے خدا کا شکر ادا کیا اور جی میں تہیہ کر لیا کہ اب دفتر میں نہیں رہوں گا۔اب یہ بات بھی سمجھ میں آگئی کہ مولانا توند سے کیوں محروم ہیں۔

43) تھوڑی دیر میں مولانا ظفر علی خاں کھٹ کھٹ کرتے تشریف لائے۔میں نے اُنھیں اس سے پہلے نہیں دیکھا تھا۔تصویریں ضرور دیکھی تھیں لیکن تصویروں سے کسی شخص کی صورت شکل کے متعلق صحیح اندازہ نہیں کیا جا سکتا،بہر حال اتنا تو یقین تھا کہ ان کی توند ضرور بڑھی ہوئی ہو گی۔آخر جب معمولی کارکنوں کا قبہ شکم گنبد فلک سے ہمسری کرتا ہے تو مولانا ظفر علی خاں کو جنھیں آل انڈیا لیڈر کی حیثیت حاصل ہے،ایک عدد گرانڈیل توند کا مالک ہونا چاہیے لیکن اُنھیں دیکھ کر سخت مایوسی ہوئی کہ تو توند نہ عمامہ،آخر یہ کیسے مولانا اور کیسے لیڈر ہیں؟

44) غرض مولانا تشریف لائے اور آتے ہی سائمن کمیشن ہندوستان کی جدید اصلاحات،راؤنڈ ٹیبل کانفرنس اور کامل آزادی کا قصہ چھیڑ دیا۔مولانا شائق احمد عثمانی ان دنوں کانگرس سے باغی ہو چکے تھے اور سائمن کمیشن سے تعاون کے حامی تھے۔ان سے اس مسئلے پر بحثیں رہتی تھیں۔ **(زیادہ اہم)**

45) میرا بچہ'میری آنکھ کا تارا'ارے دیکھو تو کیسے تن کر چل رہا ہے۔اس کا باہر نکلا ہوا سینہ دیکھو!سانس کس بے خوفی سے آ جا رہا ہے!شاباش میرے لاڈلے اٹھائے رکھ۔تم پر ہم سب کو ناز ہے۔تجھ پر میرے دلارے تجھ پر'جسے مر جانا ہے۔دیکھ لو اسے دیکھ لو۔جس کے بدن میں گرم خون لہریں مارتا تھا'پر جس کے دل میں قاتل کے لہو کی ایک بوند بھی نہیں۔ہائے پر قاتل موجود ہے۔

46) میری بوڑھی زبان سے اللہ تعالیٰ کا عفو و رحم کئی بار بولا لیکن ہر بار اس نے سننے والے کانوں کو بہرہ پایا۔پر اب کی بار میری التجا سن لیجیے یا مجھے ہمیشہ کے لیے خاموش کر دیجیے۔میرے حضور!یہ وہ بدنصیب بول رہی ہے جس نے مجرم کی ماں کے اٹھ جانے کے بعد اپنی اولاد کی طرح اسے کلیجے سے لگایا۔میرے حضور!خود آپ نے اسے مجھے دے ڈالا تھا۔میں تھی جس نے اسے زندگی دی اور توانائی بخشی کہ وہ بڑھ کر مرد بن جائے۔ **(زیادہ اہم)**

47) ریڈیائی مواصلات کو مارکونی کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگوں نے بھی ترقی دی۔ان میں سے ایک ترقی تو والو کی ایجاد تھی۔جو ڈاکٹر فلیمنگ کے ہاتھوں ہوئی۔پھر والو سے بھی بہتر چیز ایجاد ہوئی جو ٹرانسسٹر کہلاتی ہے۔اسے جون 1948ء میں دو امریکی سائنسدانوں بارڈین اور بریٹن نے ایجاد کیا۔

48) ریڈیو ایجاد تو بلاشبہ مارکونی نے ہی کیا مگر ریڈیائی لہروں کو دریافت کرنے والا کوئی اور تھا اس کا نام ہرٹنز تھا۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ہرٹز نے جن ریڈیائی لہروں کو دریافت کیا' ان کے وجود کی پیشین گوئی ایک انگریز ماہر طبیعیات میکس ول نے محض اپنے نظریے کے زور پر کر دی تھی اور ان فوائد کی بھی پیشین گوئی کر دی تھی جو اس کی دریافت کے بعد اس سے حاصل ہوئے۔ مختصر یہ کہ مارکونی کی ایجاد میکس ول کے نظریے اور ہرٹز کی دریافت کی مرہون منت ہے۔

49) بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی لیا گیا۔ خط اس کی گردن میں یا اس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اسے منزل مقصود پر پہنچا دیتا۔ ان کے ذریعے سیکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوئی۔ انھیں پہلی بار کس نے استعمال کیا' اس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے انھیں پورے بلاد اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔ شام' عراق' مصر اور ایران وغیرہ میں ہندوستان کے مغل فرماں روا جہانگیر نے بھی اس کام کے لیے کبوتر پال رکھے تھے۔

50) مولوی نذیر احمد بڑے غیور آدمی تھے۔ سسرال والے خاصے مرفہ الحال تھے' مگر انھوں نے اسے گوارا نہ کیا کہ سسرال والوں کے ٹکڑوں پر پڑے رہیں۔ جب ان کی شادی ہوئی غالباً پندرہ روپے کے ملازم تھے۔ اسی میں الگ الگ ایک کھنڈلا لے کر رہتے تھے۔ میں نے بڑی بوڑھیوں سے سنا ہے کہ ان کے گھر میں صرف ایک ٹوٹی ہوئی جوتی تھی۔ کبھی بیوی ان لیتروں کو ہلکا لیتیں کبھی میاں۔ **(زیادہ اہم)**

51) مولوی صاحب بڑے فخر سے اپنے بچپن کے مصائب بیان کرتے تھے۔ جس مسجد میں ٹھہرے تھے اس کا ملا بڑا بدمزاج اور بے رحم تھا۔ کڑکڑاتے جاڑوں میں ایک ٹاٹ کی صف میں یہ لپٹ جاتے اور ایک میں ان کے بھائی۔ سات آٹھ سال کے بچے کی بساط ہی کیا؟ علی الصباح اگر آنکھ نہ کھلتی تو مسجد کا ملا ایک لات رسید کرتا اور یہ لڑھکتے چلے جاتے اور صف بھی بچھ جاتی۔

52) کئی کئی سال سے لوگوں کا ان پر تقاضا تھا کہ قرآن مجید کا ترجمہ کرو مگر وہ پس و پیش کرتے اور کہتے کہ یہ کام ان لوگوں کا ہے جو خدمت دین میں اپنی ساری عمر صرف کر چکے ہیں مگر جب پنشن لے کر وہ دلی آ گئے تو تیسیر کا ترجمہ شروع کیا اور اس سلسلے میں اکثر آیات قرآنی کا ترجمہ بھی کرنا پڑا۔ اس سے انھیں اندازہ ہوا کہ یہ کام اتنا دشوار نہیں ہے جتنی کہ طبیعت میں ہچکچاہٹ ہے۔

53) جب کاپیوں کی تصحیح ہوئی اور پروف دیکھے گئے۔ تب بھی ان میں ترمیم کی گئی اور جب تک اس کی طرف سے پورا پورا اطمینان نہیں ہو گیا۔ اسے شائع نہیں کیا گیا۔ اس میں ڈھائی سال لگ گئے مگر ترجمہ بھی ایسا شستہ و رفتہ اور بامحاورہ ہوا کہ اب پچھلے پچاس برس میں کوئی اور ترجمہ اس سے بہتر شائع نہیں ہو سکا۔ **(زیادہ اہم)**

54) ہم نے سفر نامے بہت لکھے ہیں۔ چین و ماچین کے سفر نامے' ایران و توران کے سفر نامے' ان جگہوں کے سفر نامے جہاں' ہم نہیں گئے اور ان وارداتوں کو چشم دید حوال جو ہم نے نہیں دیکھیں۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے ٹانگیں بے شک دی ہیں لیکن دماغ بھی تو دیا ہے جس کی اہمیت ٹانگوں کے برابر نہ ہو' بہر حال ہے تو۔

55) ان کے گھر میں طالب علموں کا وہ ہجوم کہ اندر جا کر دم گھٹنے لگتا تھا۔ ہر شخص کو کھلانا پلانا' سامان دینا' ان کی ضرورتوں کو نظر میں رکھنا اور ان کی فکر کرنا۔ اس کے بعد آفس کا کام' دوستوں کا کام' غرض اس شخص کی مشغولیتیں دیکھ کر ہم سب تعجب کیا کرتے تھے کہ یہ شخص زندہ کیسے ہے اور اس کے حواس کیوں کر بجا ہیں۔

56) وہ موجود تھے تو ان کی مثال نعائم فطرت کی تھی مثلاً: ہوا' روشنی جو اس درجہ عام و ارزاں ہیں کہ ان کی طرف توجہ مائل نہیں ہوتی لیکن ان میں سے کسی میں کہیں سے کوئی فرق آ جائے تو پھر دیکھیے کیسی کیسی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے اور یہی ناقابل التفات چیزیں کیسی نعمتیں بن جاتی ہیں۔ **(زیادہ اہم)**

57) مرحوم شخصیت اور قابلیت کے لحاظ سے قطعاً غیر معمولی آدمی نہ تھے۔ ان کے کردار کی خوبیوں نے انھیں لوگوں کے لیے بے حد دلکش بنا دیا تھا۔ ان کے عزیزوں اور دوستوں کے بیشتر بچے ان کے گھر رہ کر علی گڑھ میں زیر تعلیم تھے۔ ان کی تمام ضروریات کا خیال رکھنا، اپنے دفتری کاموں کو نپٹانا اور پھر ہم سب کے کام کرنا، نہ جانے وہ ان تمام کاموں سے کس طرح عہدہ برا ہوتے تھے۔ یہی وجہ ہے ہر شخص چھوٹا بڑا امیر غریب ان کا دل سے احترام کرتا تھا۔ ان کی وفات پر یونیورسٹی کے طلبہ اور معززین کے علاوہ نچلے طبقے کے لوگوں کی بڑی تعداد ان کے سوگواروں میں شامل تھی۔ **(زیادہ اہم)**

| |
|---|
| 58) ایوب صاحب بد دل نہ ہوں۔ آپ کا کوئی قصور نہیں، قصور ہے تو صرف اتنا کہ آپ خوش حال اور نیک نام کیوں ہیں۔ ہمارے آپ کے اعزہ کے دلوں سے نیکی اور فیاضی اٹھالی گئی ہے۔ اغیار کو تو یہ مسرور اور بافراغت دیکھ کر خوش ہوں گے اور فخر کریں گے، لیکن اپنوں کو کھاتا پیتا یا ہنستا بولتا دیکھ کر غم و غصہ کے انگاروں پر لوٹنے لگیں گے۔ یہ اپنے کھاتے کماتے عزیز کو غاصب سمجھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ آپ نے اُن نعمتوں پر مخالفانہ کرر کھا ہے جو بہ صورت دیگر ان کے قبضہ میں آتیں۔ |
| 59) ہم سب کی زندگیوں میں مرحوم کے گھل مل جانے کا راز یہ تھا کہ اُن میں بظاہر کوئی بات غیر معمولی نہ تھی۔ وہ غیر معمولی قابلیت کے آدمی نہ تھے 'دولت مند نہ تھا' کچھ بہت ذہین بھی نہ تھے۔ نہ انھیں توڑ جوڑ آتا تھا' نہ خوش پوشاک' نہ خوش گفتار' نہ خوش باش' نہ رنگین و رعنا۔ وہ معمولی آدمیوں سے بھی زیادہ معمولی تھے۔ پھر بھی وہ ایسے تھے کہ اب ہم میں ویسا کوئی اور نہ اب ڈھونڈے سے بھی کوئی ایسا ملے **(زیادہ اہم)** |

## سوال نمبر 2: درج ذیل نظموں کے خلاصے تیار کریں:

| |
|---|
| 1) خدا سر سبز رکھے اس چمن کو |
| 2) نعت **(زیادہ اہم)** |
| 3) اسلامی مساوات **(زیادہ اہم)** |
| 4) آدمی |
| 5) نوجوان سے خطاب **(زیادہ اہم)** |
| 6) ایک کوہستانی سفر کے دوران |

## سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ تحریر کریں۔ (مصنف کا نام بھی تحریر کریں)

| |
|---|
| 1) محنت پسند خرد مند **(زیادہ اہم)** |
| 2) اکبری کی حماقتیں **(زیادہ اہم)** |
| 3) پہلی فتح **(زیادہ اہم)** |
| 4) دستک |
| 5) ہوائی |
| 6) قرطبہ کا قاضی **(زیادہ اہم)** |
| 7) مولوی نذیر احمد دہلوی |
| 8) ایوب عباسی **(زیادہ اہم)** |

## سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل عنوان پر مضمون تحریر کریں۔

| |
|---|
| 1) میرا پسندیدہ شاعر |
| 2) مسئلہ کشمیر اور اس کا حل **(زیادہ اہم)** |
| 3) تعلیم نسواں کی ضرورت اور اہمیت |

Al-Qadir Jinnah Science Academy Mallian Kalan

| |
|---|
| 4) ایک یادگار اور دلچسپ سفر |
| 5) کالج میں میرا پہلا دن **(زیادہ اہم)** |
| 6) ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے/عالمی اسلامی اتحاد **(زیادہ اہم)** |
| 7) میرا نصب العین |
| 8) تعمیر وطن میں طلبا کا کردار **(زیادہ اہم)** |
| 9) موبائل فون: فوائد و نقصانات **(زیادہ اہم)** |
| 10) ہمارے اہم قومی مسائل **(زیادہ اہم)** |
| 11) اسلامی معاشرے میں عورت کا مقام |
| 12) معاشرتی برائیاں اور ان کا سدباب **(زیادہ اہم)** |
| 13) پاک چین دوستی **(زیادہ اہم)** |
| 14) میرا مقصد زندگی |

## سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل (نظم) کے اشعار کی تشریح کریں۔

پہنچتا ہے ہر اک مے کش کے آگے دور جام اس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطف عام اُس کا

گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے، ہے سچا ایک نام اُس کا

ہوئی ختم اس کی حجت اس زمیں کے بسنے والوں پر
کہ پہنچایا ہے ان سب تک محمد ﷺ نے کلام اُس کا

بجھاتے ہی رہے پھونکوں سے کافر اس کو رہ رہ کر
مگر نور اپنی ساعت پر رہا ہو کر تمام اُس کا

صاحب خلق عظیم و صاحب لطف عمیم
صاحب حق، صاحب شق القمر، خیر البشر ﷺ

کارزار دہر میں وجہ ظفر، وجہ سکوں
عرصہ محشر میں وجہ درگزر، خیر البشر ﷺ

کب ملے گا ملت بیضا کو پھر اوج کمال
کب شب حالات کی ہوگی سحر، خیر البشر ﷺ

در پہ پہنچے کس طرح بے نوا، بے بال و پر
اک نظر تائب کے حال زار پر، خیر البشر ﷺ

کسی قوم کا جب اُلٹتا ہے دفتر
تو ہوتے ہیں مسخ اُن میں پہلے تونگر

کمال اُن میں رہتے ہیں باقی، نہ جوہر
نہ عقل اُن کی ہادی، نہ دین اُن کا رہبر

نہ دنیا میں ذلت نہ عزت کی پروا
نہ عقبیٰ میں دوزخ نہ جنت کی پروا

نہ مظلوم کی آہ و زاری سے ڈرنا
نہ مفلوک کے حال پر رحم کرنا

ہوا و ہوس میں خودی سے گزرنا
تعیش میں جینا، نمائش پہ مرنا

یہ پہلا سبق تھا کتاب ہدیٰ کا
کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا

وہی دوست ہے خالق دوسرا کا
خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا

کا یہی ہے عبادت، یہی دین و ایماں
کہ کام آئے دنیا میں انساں کے انساں

Al-Qadir Jinnah Science Academy Mullian Kalan 03024741124

تھا کبھی علم آدمی، دل آدمی، پیار آدمی
اک کل زر آدمی، قصر آدمی، کار آدمی

کلبلاتی بستیاں، مشکل سے دو چار آدمی
کتنا کم یاب آدمی ہے، کتنا بسیار آدمی

پتلی گردن، پتلے ابرو، پتلے لب، پتلی کمر
جتنا بیمار آدمی، اتنا طرح دار آدمی

.زندگی نیچے کہیں منہ دیکھتی ہی رہ گئی
کتنا اونچا لے گیا جینے کا معیار آدمی

جلال آتش و برق و سحاب پیدا کر
اجل بھی کانپ اٹھے، وہ شباب پیدا کر

صدائے تیشۂ مزدور ہے تیرا نغمہ
تو سنگ و خشت سے چنگ و رباب پیدا کر

ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم
وہ بانکپن، وہ اچھوتا شباب پیدا کر

ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم
وہ بانکپن، وہ اچھوتا شباب پیدا کر

ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی
تو خار زارِ جہاں میں گلاب پیدا کر

ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی
تو خار زارِ جہاں میں گلاب پیدا کر

## سوال نمبر6: مندرجہ ذیل (غزل) کے اشعار کی تشریح کریں۔

کام مردوں کے جو ہیں، سو وہی کر جاتے ہیں
جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے
مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دید وادید جو ہو جائے، غنیمت سمجھو
جوں شرر ورنہ ہم اے اہل نظر جاتے ہیں

ہم کسی راہ سے واقف نہیں، جوں نورِ نظر
رہنما تو ہی تو ہوتا ہے، جدھر جاتے ہیں

آہ! معلوم نہیں، ساتھ سے اپنے شب و روز
لوگ جاتے ہیں چلے، سو یہ کدھر جاتے ہیں

ہووے نہ حول و قوت اگر تیری درمیاں
جو ہم سے ہو سکے ہے، موسم سے کبھو نہ ہو

جو کچھ کہ ہم نے کی ہے تمنا، ملی مگر
یہ آرزو رہی ہے کہ کچھ آرزو نہ ہو

جوں شمع جمع ہوویں گر اہلِ زباں ہزار
آپس میں چاہیے کہ کبھی گفتگو نہ ہو

جوں صبح، چاک سینہ مرا، اے رفوگراں!
یاں تو کسو کے ہاتھ سے ہر گز رفو نہ ہو

رونے سے کام بس کہ شب اے ہم نشیں رہا
آنکھوں پہ کھینچتا میں، سر آستیں رہا

نازک مزاج تھا میں بہت اس چمن کے بیچ
جب تک رہا تو خندۂ گل سے حزیں رہا

ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں
بیٹھا تھا اس کے پاس، مرا دل وہیں رہا

آخر کو ہو کے لالہ اگا نو بہار میں
خونِ شہیدِ عشق نہ زیرِ زمیں رہا

یاران گرم رو تو سب آگے نکل گئے
ان سے میں تنگ قافلہ پیچھے کہیں رہا

نہ گیا کوئی عدم کو دلِ شاداں لے کر
یاں سے کیا کیا نہ گئے حسرت وارماں لے کر

باغ وہ دشت جنوں تھا کہ کبھی جس میں سے
لالہ و گل گئے ثابت نہ گریباں لے کر

پردہ خاک میں سو، سو رہے جا کر افسوس
پردہ رخسار پہ کیا کیا مہ تاباں لے کر

Al-Qadir Jinnah Science Academy Mallian Kalan 03024741124

بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا — آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

وائے دیوانگی شوق کہ ہر دم مجھ کو — آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

عشرت قتل گہ اہل تمنا مت پوچھ — عید نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا

جب سکھاتا ہے آداب خود آگاہی — کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی

عطار ہو، رومی ہو، رازی ہو، غزالی ہو — کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہ سحر گاہی

اے طائر لاہوتی! اُس رزق سے موت اچھی — جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

دارا و سکندر سے وہ مرد فقیر اولی — ہو جس کی فقیری میں بوئے اسد اللہ

آئین جواں مرداں حق گوئی و بے باکی — اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

نہ تخت و تاج میں، نے لشکر و سپاہ میں ہے — جو بات مرد قلندر کی بارگاہ میں ہے

صنم کدہ ہے جہاں اور مرد حق ہے خلیل — یہ نکتہ وہ ہے کہ پوشیدہ لا الہ میں ہے

یاد کے بے نشاں جزیروں سے — تیری آواز آ رہی ہے ابھی

شہر کی بے چراغ گلیوں میں — زندگی تجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

## سوال نمبر 7: مندرجہ ذیل عنوانات پر خط لکھیں۔

| |
|---|
| 1) اپنے چھوٹے بھائی کو بری صحبت سے بچنے اور پڑھائی میں دلچسپی لینے کا خط لکھیں۔ |
| 2) والد صاحب کو خط لکھیے اور اپنی مصروفیت (کارگردگی) سے آگاہ کیجئے۔ **(زیادہ اہم)** |
| 3) والد کو خط لکھ کر ہاسٹل کے شب و روز سے آگاہ کیجئے۔ |
| 4) اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں اور اسے سالانہ امتحان پر کامیابی پر مبارک باد دیجئے۔ **(زیادہ اہم)** |
| 5) اخبار کے ایڈیٹر کے نام معاشرے میں بڑھتے ہوئے جرائم کے بارے میں خط لکھیے۔ |
| 6) چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر اسے تعلیم کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تلقین کیجئے۔ **(زیادہ اہم)** |
| 7) آپ کا گھرانہ سخت معاشی مسائل میں گھرا ہوا ہے۔ دوست کو خط لکھ کر اپنی پریشانیوں سے آگاہ کیجیے۔ **(زیادہ اہم)** |
| 8) اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے، جس میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور اس کے نقصانات کا جائزہ لیجئے۔ |
| 9) چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اسے موبائل فون کے فوائد اور نقصانات سے آگاہ کیجئے۔ **(زیادہ اہم)** |
| 10) اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیں، جس میں بڑھتی ہوئی افراتفری اور لاقانونیت کے بارے میں آگاہ کیجئے۔ |
| 11) اپنے دوست کے نام خط لکھ کر لکھیے جس میں اسے امتحان میں کامیابی پر مبارک باد دیجئے۔ **(زیادہ اہم)** |
| 12) چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اسے آوارگی سے بچنے اور محنت سے پڑھنے کی تلقین کریں۔ **(زیادہ اہم)** |
| 13) اخبار کے مدیر کے نام خط لکھیے جس میں مہنگائی اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل پر اظہار خیال کریں۔ |

Al-Qadir Jinnah Science Academy Mallian Kalan 03024741124